ماہانہ خبر نامہ
# انجمن خدام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ | شمارہ نمبر: 19 | اگست 2020ء بمطابق ذی الحجہ 1441ھ
زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔

## فرمانِ الٰہی

إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ

(سورۃ الفاطر آیت 28)

اللہ سے اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں جو علم رکھنے والے ہیں۔ یقیناً اللہ صاحب اقتدار بھی ہے، بہت بخشنے والا بھی۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

(صحیح بخاری)

"تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں"

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ اگست 2020 کا یہ شمارہ آپ کو آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی سلامتی صحت اور ایمان کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔ آمین

قارئین محترم بخاری شریف میں اللہ کے نبی کریم ﷺ کے ارشاد کا مفہوم ہے کہ تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھتے ہیں اور سکھاتے ہیں۔

محترم قارئین اللہ کے نبی کریم ﷺ نے تو ہمارے لیے بہترین کیریئر تعلیم و تعلم قرآن قرار دیا ہے لیکن کیا ہم کبھی اس حوالے سے سوچتے ہیں کہ دنیاوی تعلیم کے لیے ہم نے کتنا وقت اور سرمایہ صرف کیا ہے اور اللہ کے کلام کے حوالے سے ہمارا رویہ کیا ہے۔ اور کیا کل اللہ تعالیٰ ہم سے سوال نہیں کرے گا کہ میرے کلام کے حوالے سے تمہارا رویہ کیا تھا؟ داعی قرآن حضرت ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے اسی حوالے سے برسوں پہلے رجوع الی القرآن کورس کا سلسلہ شروع فرمایا جس کی اصل روح یہ تھی کہ عصری تعلیم یافتہ حضرات وخواتین کو قرآن کے بنیادی پیغام سے روشناس کرایا جائے۔ انجمن خدام القرآن سندھ کے زیرِ اہتمام 1991 سے رجوع الی القرآن کورس کا یہ سلسلہ الحمدللہ جاری ہے اور اب تک تقریباً 2500 حضرات وخواتین اس کورس سے استفادہ کر چکے ہیں۔ تقریباً 32 ہفتہ کے اس کورس میں پیر تا جمعہ صبح کے اوقات میں تدریس کا اہتمام ہوتا ہے جس میں ناظرہ قرآن حکیم، بیان القرآن، قرآن حکیم کا منتخب نصاب، بنیادی عربی گرامر، سیرت النبی ﷺ کے علاوہ مختلف موضوعات پر لیکچر کا اہتمام ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مجھے بھی اور آپ کو بھی اللہ تعالیٰ اس کورس کے لیے قبول فرمائے اور اس کے حوالے سے آسانی فرمائے (آمین)

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ان شاء اللہ 17 اگست بروز پیر سے رجوع الی القرآن کورس 21-2020 برائے حضرات و خواتین کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ الحمد للہ ادارے میں مختلف آن لائن کورس جاری ہیں جس میں ہر اتوار Lesson of Arabic Language برائے حضرات وخواتین استاذ جناب عارف عرفان اللہ صاحب، پیر، منگل اور جمعرات قرآن حکیم کے پارہ 21 تا 30 کا لفظی ترجمہ برائے خواتین ناظمہ صاحبہ، پیر تا جمعرات برائے حضرات وخواتین قرآن مجید کی صرفی و نحوی ترکیب استاذ محمد نعمان صاحب اور ہر بدھ و جمعرات برائے حضرات و خواتین سیرت النبی ﷺ جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب تدریس فرمارہے ہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ و القراءۃ کے تمام شعبہ جات میں آن لائن تدریس جاری ہے۔ جامع مسجد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ ماہ رواں 2 محافل نکاح کا انعقاد ہوا۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

الحمد للہ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں ماہ جولائی میں حلقہ تعلیم و تربیت برائے اساتذہ کے عنوان سے ایک مختصر کورس کا اہتمام کیا گیا جس میں مولانا حبیب اللہ صاحب تدریس کی ذمہ داری ادا فرمارہے ہیں۔ پیر تا جمعرات آن لائن فہم دین کورس، ہر اتوار بعد نماز ظہر درس حدیث میں جناب عاطف محمود صاحب تدریس فرمارہے ہیں۔ الحمد للہ قرآن اکیڈمی اکیڈمک ڈیپارٹمنٹ سے روزانہ کی بنیاد پر فرمان الٰہی، احادیث نبویہ ﷺ، اقوال سلف کے خوبصورت بینر تیار کیے جاتے ہیں جنہیں بذریعہ واٹس ایپ براڈکاسٹ بھیجا جاتا ہے اور سوشل میڈیا، فیس بک، ٹویٹر اور انسٹاگرام پر اپلوڈ بھی کیا جاتا ہے۔ الحمد للہ خبرنامہ انجمن خدام القرآن کے 18 شمارے شائع ہو چکے ہیں جنہیں اراکین انجمن واحباب تک بذریعہ ای میل، واٹس ایپ ارسال کر دیا گیا۔ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت آن لائن فہم دین کورس کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں ناظم تعلیم قرآن اکیڈمی یٰسین آباد استاذ عاطف محمود صاحب دروس اللغۃ العربیہ میں تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ آؤ بچوں دین سیکھیں میں تدریس کے فرائض مدیر ادارہ سید سلیم الدین صاحب اور استاذ عمیر کریم خان صاحب ادا کر رہے ہیں۔ شعبۂ حفظ کی آن لائن کلاسز جاری ہیں۔ الحمد للہ

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس 21-2020 کی تشہیر کا کام جاری ہے اسی طرح گزشتہ کورسز اور شارٹ کورسز کے طلبہ و طالبات کو فون کال اور میسج کے ذریعہ اطلاع دی جارہی ہے۔ پیر اور منگل حدیث کی آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری ہے جس میں جناب نعمان اختر صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ شعبۂ حفظ کی آن لائن کلاسز کا سلسلہ بھی الحمد للہ جاری ہے۔ گردان والے طلبہ کو وفاق کے امتحان کی تیاری کے لیے مدرسہ میں بلایا جارہا ہے اس سال ادارہ سے ایک طالب علم نے وفاق کے تحت ہونے والے سالانہ امتحان میں شرکت کی ہے۔ شعبۂ حفظ کے طالب علم سید ثوبان بن سید نعمان اختر نے آفاق پبلشر کے تحت ہونے والے (Online Azam Competition) میں پورے سندھ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں الحمد للہ آن لائن فہم دین کورس میں "قرآن حکیم کا منتخب نصاب" کورس میں حصہ اول و دوم کی تکمیل ہوئی جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب ادا کر رہے ہیں، اس کورس میں سامعین کی اوسط تعداد 100 ہے۔ ادارے میں دفتری اوقات میں تمام وابستگان ادارہ کے لیے تربیتی کورس جاری ہے جس میں دینی تربیت کے ساتھ دفتری امور میں مہارت حاصل کرنے سے متعلق مضامین بھی شامل ہیں۔ مسجد جامع القرآن میں خطاب جمعہ سورۃ الکھف کا سلسلہ جاری ہے، آخری جمعہ میں عشرہ ذی الحج کے احکام و فضیلت پر خصوصی خطاب ہوا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد حیدرآباد میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے تمام تعلیمی و تدریسی سرگرمیاں موقوف ہیں البتہ آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری ہے۔ عربی گرامر استاذ فاروق احمد صاحب صبح 10 تا 10:50 اوسط حاضری 180 حضرات و خواتین، تجوید

القرآن استاذ فاروق پاشا صاحب سہ پہر 11:40 تا 12:20 اوسط حاضری 80 حضرات وخواتین شامل ہیں۔ ادارہ کے اساتذہ مفتی مسعود الرحمٰن صاحب سے دوپہر کے اوقات میں مشکٰوۃ المصابیح اور مختصر القدوری کتب کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ ادارہ میں دینی موضوعات پر مشتمل پوسٹ تیار کی جاتی ہیں جنہیں مختلف واٹس ایپ گروپس اور فیس بک پر اپلوڈ کیا جاتا ہے۔ بروز اتوار مغرب تا عشاء ادارہ میں عشرہ ذی الحجہ و قربانی کے موضوع پر درس قرآن کا اہتمام کیا گیا۔

## قرآن مرکز لانڈھی

مدرسۃ القرآن قرآن مرکز لانڈھی میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کلاسز میں تدریس لاک ڈاؤن کے باعث موقوف ہیں۔ مدرسۃ البنین کے حفظ القرآن میں 41 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 53 طلبہ زیرِ تعلیم ہیں وفاق المدارس کے تحت ہونے والے امتحان میں مرکز سے 4 طلبہ شریک ہوئے مدرسۃ البنات میں 71 طالبات زیر تعلیم ہیں مرکز میں جمعہ کے دن ہفتہ وار درس قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے۔

## دی ہوپ اسلامک اسکول

دی ہوپ اسلامک اسکول میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے چھٹیاں جاری ہیں۔ اسکول کی آن لائن کلاسز کے لیے وڈیوز ریکارڈنگ اور اپلوڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔

### ضرورت ہے

دی ہوپ اسلامک اسکول میں سائنس اور انگلش کے مضامین کی تدریس کے لیے دینی مزاج کے حامل حضرات وخواتین کی ضرورت ہے، خواہش مند حضرات و خواتین اپنے مکمل کوائف کے ہمراہ رابطہ فرمائیں۔

ایڈریس: دی ہوپ اسلامک اسکول، متصل طیبہ مسجد، زمان ٹاؤن کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون: 0333-3452946 , 021-35074664

# شعبۂ سمع و بصر

### قرآن فورَم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورَم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن وسنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سر انجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 2 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر بدھ صبح 5 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر بھی ہر ہفتہ رات 8 بجے باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ جولائی 2020ء کے مہینے میں درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| خدمتِ خلق | مقصدِ زندگی | معاملات | عشرۂ ذی الحجہ |

### دینی و تحریکی لٹریچر (آن لائن فہم دین کورسز):

انجمن کے تحت ہونے والے آن لائن فہم دین کورسز کے سلسلہ میں ہر جمعہ رات 8 بجے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے لیکچرز کو قرآن اکیڈمی کے LMS کے علاوہ آفیشل فیس بک اور یوٹیوب چینل پر براہِ راست نشر کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ ماہِ جون میں حسبِ ذیل موضوعات پر لیکچرز کو براہِ راست نشر کرنے کیا گیا:

| | |
|---|---|
| دینِ اسلام کا جامع تصور | دینی فرائض کا جامع تصور |
| مسلمان خواتین کے دینی فرائض | جہاد فی سبیل اللہ |

### سلسلہ وار درس قرآن:


کارساز کے مقام پر ہونے والے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے درسِ قرآن کے سلسلہ کا دوبارہ آن لائن آغاز کیا گیا۔ مذکورہ درس ہر اتوار سہ پہر 3 بجے قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر نشر کیا گیا۔ گزشتہ ماہ درجِ ذیل موضوعات پر دروسِ قرآن ریکارڈ کر کے نشر کیے گئے:

| | |
|---|---|
| سورۃ المجادلہ آیات 7 تا 13 | سورۃ المجادلہ آیات 14 تا 22 |
| سورۃ الحشر آیات 1 تا 6 | سورۃ الحشر آیت 7 |

### رجوع الی القرآن کورس (Promo)

رجوع الی القرآن کورس کے لیے 4:23 دورانیہ پر مبنی ایک Promo ریکارڈ کروایا گیا جسے قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ کے علاوہ سوشل میڈیا پر بھی شیئر کیا گیا۔

# علوم دینیہ کی تحصیل کا نادر موقع




## اغراض و مقاصد انجمن خدام القرآن، سندھ، کراچی

انجمن خدام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے قیام کا مقصد منبع ایمان اور سرچشمۂ یقین قرآنِ حکیم کے علم و حکمت کی وسیع پیمانے اور اعلیٰ علمی سطح پر تشہیر و اشاعت ہے۔ تاکہ اُمت مسلمہ کے فہیم عناصر میں تجدید ایمان کی ایک عمومی تحریک برپا ہو جائے اور اس طرح اسلام کی نشأۃ ثانیہ اور غلبۂ دینِ حق کے دورِ ثانی کی راہ ہموار ہو سکے۔

**انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کی تاسیس کے وقت کے کردہ اغراض و مقاصد:**

☆ عربی زبان کی تعلیم و ترویج؛

☆ قرآن مجید کے مطالعے کی عام ترغیب و تشویق؛

☆ علومِ قرآنی کی عمومی نشر و اشاعت؛

☆ ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت جو تعلّم و تعلیمِ قرآن کو اپنا مقصدِ زندگی بنالیں اور

☆ ایک ایسی قرآن اکیڈمی کا قیام جو قرآنِ حکیم کے فلسفہ و حکمت کو وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر پیش کر سکے۔